مقدس یعقوب (رسولوں میں پہلا شہید)

مقدس یعقوب کی پیدائش بیت صیدا کے علاقے گلیل میں ہوئی اور پیشے کے لحاظ سے آپ مچھیرے تھے ۔آپ یوحنا انجیل نویس کے بھائی ہیں۔ایک دن جب آپ اپنے والد اور بھائی کے ساتھ مچھلی کا شکار کر رہے تھے تو خداوند یسوع نے آپ کو اپنے شاگرد ہونے کے لیے بلایا۔اس قدر جوشیلے شاگرد تھے کہ آپ کو خداوند نے ''فرزندِ تُند'' کا لقب دیا۔آپ کو یہ شرف حاصل ہے کہ عظیم موقعوں پر آپ خداوند یسوع مسیح کے ساتھ تھے۔جن میں پطرس کی ساس کی شفا، یائیر کی بیٹی کا زندہ کیا جانا، تبدیلیِ صورت اور گتسمنی باغ کے واقعات شامل ہیں۔ کلام مقدس کے مطابق آپ ہی کی والدہ خداوند کے پاس درخواست لے کر گئی کہ آپ اور آپ کا بھائی آنے والی بادشاہی میں اعلی عہدہ اور مقام پائیں۔ایسے میں جب خداوند نے دُکھوں کا پیالہ پینے کو کہا تو آپ نے ہاں میں جواب دیا۔جب رسول مختلف جگہوں پر تبلیغ کے لیے روانہ ہوئے تو آپ نے اسپین میں منادی کا عزم کیا۔رسولوں کے اعمال کے مطابق آپ رسولوں میں شہید ہونے والے پہلے رسول ہیں۔کہا جاتا ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد آپ کا جسد خاکی معجزانہ طور پر فرشتوں کے ذریعے اُٹھایا گیا اور ایک بحری کشتی میں اُتار دیا گیا یہ کشتی بغیر کسی ملاح کے اسپین جا پہنچی اور وہاں ایک بڑی چٹان نے اس کو گھیرے میں لے لیا۔آپ اسپین کے مربی اور وہیں پر کومپوسٹیلا کی زیارت گاہ کے لیے مشہور ہیں۔خداوند یسوع مسیح کے شاگرد حلفائی کے بیٹے سے آپ کو فرق کرنے کے لیے آپ کو یعقوب اکبر کا خطاب دیا جاتا ہے۔

اے خُداوند خُدا! تُو نے اپنی حکمت سے ایسا انتظام کیا کہ ابتدا سے لے کر اب تک تیرے بیٹے کا نام ہر جگہ پہنچ جائے۔بخش دے کہ رسولوں کے نقش قدم پر چل کر اور انہی سے ہدایت پا کر ہم بھی منادی کے کاموں میں موثر طور پر حصہ لیں۔آمین